## 94990 ـ فلموں اور گانے کی اجازت والے نیٹ کیفے میں ملازمت کرنا

### سوال

میں ایك نیٹ کیفے میں ملازمت کرتا ہوں، جہاں جنسی ویب سائٹس کھولنے کی اجازت تو نہیں، لیکن وہاں عام فلمیں اور گانے سننے کی اجازت ہے، کیا وہاں ملازمت کرنا حرام ہے ؟

### پسندیدہ جواب

الحمد لله.

گانے اور موسیقی سننا، فلم بینی کرنا جن میں بے پرد عورتیں اور مردوں کا اختلاط ہو، اور ستر ننگا ہوتا ہو، اور ان میں موسیقی اور آلات لہو و لعب کا استعمال ہوتا ہو یہ سب حرام ہیں، اور کسی بھی دوکاندار یا وہاں ملازمت کرنے والے کے لیے جائز نہیں کہ وہ کسی شخص کو ایسا کرنے دے، اور نہ ہی وہ ایسا کرنے میں معاونت کر سکتا ہے، اس کی تفصیل سوال نمبر ( 47396 ) کے جواب میں بیان ہو چکی ہے، اس کا مطالعہ کریں.

اس بنا پر اگر فلم بینی اور گانے سننے سے منع کر سکتے ہیں تو پھر اس جگہ ملازمت کرنے میں کوئی حرج نہیں، لیکن اگر آپ ان اشیاء کو وہاں سے روك نہیں سکتے تو پھر آپ اللہ کی رضا کے حصول اور برائی کے اقرار اور اس پر خاموشی سے اجتناب کے لیے یہ ملازمت ترك کر دیں، کیونکہ یہ اللہ کے غضب اور اس کی ناراضگی کا موجب ہے.

اللہ سبحانہ وتعالی کا فرمان ہے:

بنی اسرائیل میں سے ان لوگوں پر داود اور عیسی بن مریم کی زبان سے لعنت کی گئی ہے جنہوں نے کفر کیا، یہ ان کی نافرمانیوں اور زیاتیوں کے باعث تھا، وہ برائی کرنے سے باز نہیں آتے تھے، اور نہ ہی روکتے تھے البتہ بہت ہی برا ہے وہ جو کر رہے ہیں المآئدۃ ( 78 ).

اللہ تعالی سے ہماری دعا ہے کہ وہ آپ کو صحیح اور راہ مستقیم کی توفیق نصیب فرمائے.

واللہ اعلم .